پی سی بی کی میڈیکل ایڈوائزری کمیٹی کا کھلاڑیوں کی حفاظت اور فٹنس میں بہتری پر اجلاس

- ہم کھلاڑیوں کی حفاظت پر سمجھوتہ کیے بغیر ان کی کارکردگی میں اضافہ چاہتے ہیں، ڈاکٹر سہیل سلیم
- میڈیکل ایڈوائزری کمیٹی کی تجاویز کرکٹ کمیٹی کو پیش کی جائیں گی

لاہور ، 18 جولائی 2019 ء :

پاکستان کرکٹ بورڈ کی میڈیکل ایڈوائزرئی کمیٹی کا پہلا اجلاس جمعرات کو نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور میں ہوا۔ اجلاس میں ملکی اور غیرملکی کھلاڑیوں کے لیے حفاظتی اقدامات اٹھانے پر پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

9 رکنی کمیٹی نے کھلاڑیوں کے لیے میڈیکل معیار کو بہتر بنانے اور انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے مقرر کردہ معیار تک پہنچنے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ ملک بھر میں کام کرنے والے سپورٹنگ سٹاف کو بھی اس حوالے سے آگاہی دینے پر اتفاق کیا گیا ۔

اجلاس میں ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل سطح پر کھلاڑیوں کی فٹنس میں بہتری کے لیے ضروری تبدیلیاں کرکے بہتر نتائج اخذ کرنے کیلئے ایک تیار کردہ خاکے پر بھی بحث کی گئی۔

میڈیکل کمیٹی نے کھلاڑیوں کو انجریز سے بچاؤ کے لیےاقدامات اٹھانے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔اس ضمن میں نوجوان کھلاڑیوں میں دل کے امراض کی بڑھتی ہوئی شرح کو روکنے کے لیے کھلاڑیوں کے باقاعدہ ٹیسٹ کروانے کے ضرورت پر بھی زور دیا ہے۔

میڈیکل کمیٹی ڈومیسٹک کرکٹ میں کھلاڑی کے سر پر چوٹ لگنے سے متعلق قانون کو متعارف کروانے کی تجویز بھی کرکٹ کمیٹی کو پیش کرے گی۔

کمیٹی نے پاکستان سپر لیگ سمیت ڈومیسٹک اور انٹر نیشنل کرکٹ میں حفاظتی اقدامات

کو معیاری بنانے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

پاکستان کرکٹ بورڈ کے نئے ڈومیسٹک سیزن کے آغاز سے قبل ان تجاویز پر کرکٹ کمیٹی سے مشاورت کی جائے گی جس کے نتیجے میں جاندار کھلاڑی سامنے آنے کی امید ہے۔ جو تینوں فارمیٹ میں بہتر کارکردگی دکھانے کے ساتھ ساتھ انجری سے بھی جلد نجات حاصل کرنے میں کامیاب رہیں گے۔

میڈیکل ایڈوائزری کمیٹی کو اپنے قیام کے بعد سب سے پہلاچیلنج قومی کرکٹ ٹیم کے لیگ سپنر شاداب خان کو آئی سی سی کرکٹ ورلڈکپ 2019 سے قبل ہیپاٹائٹس کے مرض سے صحتیاب کرنا تھا۔ کمیٹی نے شاداب خان کی ایونٹ میں شرکت کو یقینی بنانے کے لیے انتھک محنت کی۔ممبران نے اپنی تجاویز کے ساتھ ساتھ غیرملکی ماہرین سے بھی مشاورت کی۔

اس موقع پر سربراہ میڈیکل اور سپورٹس سائنسز پی سی بی ، ڈاکٹر سہیل سلیم کا کہنا ہے " کھلاڑیوں کی حفاظت کرنا پاکستان کرکٹ بورڈ کی ذمہ داری ہے۔ میں تمام ماہرین کا شکریہ ادا کرتا ہوں جن کے آراء ہمارے کھلاڑیوں کے لیے مفید ثابت ہوگی۔"

"ہم آنے والے سیزن میں اپنے کھلاڑیوں کو عالمی معیار کی میڈیکل سہولیات دینا چاہتے ہیں۔"

"اس مرتبہ پہلی بار دل کے ٹیسٹ کا آغاز کیا جارہا ہے۔ آج کی میٹنگ کا مقصد دیگر ممالک کی فراہم کردہ سہولیات کو مد نظر رکھنا بھی تھاہم اپنے کھلاڑیوں کی حفاظت پر سمجھوتہ کیے بغیر ان کی کارکردگی میں نکھار لانا چاہتے ہیں۔"

پی سی بی میڈیکل ایڈوائزری کمیٹی کے اجلاس میں ڈاکٹر کامران بٹ، ڈاکٹر کاظم رحیم نجاد، ڈاکٹر سہیل سلیم، ڈاکٹر ریاض احمد اور ڈاکٹر ضیاء فاروقی نے شرکت کی۔ فزیو تھراپسٹ افسر بن جان، ڈاکٹر عامر خان ، ڈاکٹر امتیاز احمد اور ڈاکٹر نجیب اللہ سومرو نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی۔

نوٹ:
چیرمین پی سی بی احسان مانی نے 28 مارچ 2019 کو میڈیکل ایڈوائزری کمیٹی قائم کی۔
میڈیکل ایڈوائزری کمیٹی اپنی تجاویز سے پی سی بی کو ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل کرکٹرز کی صحت میں بہتری کے لیے معاونت کرتی ہے۔
میڈیکل ایڈوائزری کمیٹی ایک مشاورتی کمیٹی ہے جو سفارشات مرتب کرکے پی سی بی کی کرکٹ کمیٹی کو بھجواتی ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners